# برتھ ڈے منانے کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا برتھ ڈے منا سکتے ہیں؟ اس پر کوئی دلیل بھی دے دیں۔

## جواب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر سالگرہ میں کوئی خلافِ شرع کام نہ کیا جائے، تو کسی کا یومِ پیدائش منانا اور اس میں کھانے وغیرہ کا اہتمام کرنا، جائز ہے، اس لیے کہ اشیاء میں اصل اباحت (یعنی جائز ہونا) ہے، جب تک کہ اس کے ناجائز ہونے پر کوئی دلیل شرعی قائم نہ ہو، نیز نعمتِ ولادت کے شکرانے کے طور پر یوم ولادت منانے کا ثبوت تو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے ملتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنی ولادت کے دن یعنی پیر والے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔

**نوٹ:** یاد رہے کہ فی زمانہ سالگرہ منانے میں بہت سے غیر شَرْعی کام بھی ہوتے ہیں مثلاً: گانے باجے، میوزک، بے پردگی، غیر محرم مردوں و عورتوں کا اِخْتِلاط، ان کا آپس میں بے تکلّفی سے ہنسی مذاق وغیرہ، تو یہ سارے امور ناجائز و حرام ہیں، یوں سالگرہ کرنے کی ہر گز اجازت نہیں، لہٰذا خلافِ شرع امور سے بچتے ہوئے اگر کوئی سالگرہ منائے تو اجازت ہے، ورنہ نہیں۔

صحیح مسلم میں ہے "سئل عن صوم يوم الاثنين؟قال:«ذاك يوم ولدت فيه ويوم بعثت أو أنزل علي فيه" ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پیر کے دن کا روزہ رکھنے کے بارے میں سوال کیا گیا، تو آپ

صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسی روز میری ولادت ہوئی اور اسی روز میری بعثت ہوئی، یا (فرمایا) اسی روز میرے اوپر قرآن نازل کیا گیا۔ (صحیح مسلم، جلد3، صفحہ167، رقم الحدیث: 1162، مطبوعہ: ترکیا)

ردالمحتار میں ہے "أقول: وصرح في التحرير بأن المختار أن الأصل الإباحة عند الجمهور من الحنفية و الشافعية" ترجمہ: میں کہتا ہوں: اور کتاب "التحریر" میں اس بات کی صراحت ہے کہ مختار یہ ہے کہ جمہور حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک اصل اباحت ہے۔ (ردالمحتار مع الدرالمختار، جلد1، صفحہ234، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد نوید چشتی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3952

**تاریخ اجراء:** 26ذوالحجۃ الحرام 1446ھ/23جون 2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net